Institute الهداية Al-Hidayah

Powerful Duas for *The Day of* ARAFAH




/Al Hidayah Institute

Institute
الهداية
Al-Hidayah

رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی
بھلائی عطا فرما اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔

(سورۃ البقرہ:201)



Institute
الهداية
Al-Hidayah

رَبَّنَا اغْفِرْلِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابْ

اے ہمارے رب! مجھے، میرے والدین کو اور تمام مومنوں کو بخش
دے جس دن حساب قائم ہو گا۔

(سورۃ ابراہیم: 41)



رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً
إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ

اے ہمارے رب! ہمارے دلوں کو ہدایت دینے کے بعد ٹیڑھا نہ کر اور ہمیں
اپنی طرف سے رحمت عطا فرما، بے شک تو ہی سب کچھ عطا کرنے والا ہے۔

(سورۃ آلِ عمران :08)



Institute
الهداية
Al-Hidayah

اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا طَيِّبًا وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا

اے اللہ! میں تجھ سے نفع دینے والا علم، پاکیزہ رزق اور قبول ہونے
والا عمل مانگتا / مانگتی ہوں۔

(سنن ابن ماجہ: 925)



اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا / مانگتی ہوں قبر کے عذاب سے، جہنم کے عذاب سے، زندگی اور موت کے فتنوں سے، اور مسیحِ دجال کے فتنے کے شر سے۔

(صحیح مسلم: 588)



Institute الهداية Al-Hidayah

اللَّهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي

اے اللہ! بے شک تو معاف کرنے والا ہے، معافی کو پسند فرماتا ہے،
پس مجھے معاف فرما دے۔

(سنن ترمذی: 3513)



Institute الهداية Al-Hidayah

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ، وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ أَعْمَلْ

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا / مانگتی ہوں اس کے شر سے جو میں نے کیا ہے، اور اس کے شر سے بھی جو میں نے ابھی تک نہیں کیا۔

(صحیح مسلم: 2716)



Institute
الهداية
Al-Hidayah

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَىٰ دِينِكَ

اے دلوں کو پھیرنے والے! میرے دل کو اپنے دین
پر ثابت قدم رکھ۔

(سنن ترمذی: 2140)



اللَّهُمَّ عَافِنِي فِي بَدَنِي، اللَّهُمَّ عَافِنِي فِي سَمْعِي، اللَّهُمَّ عَافِنِي فِي بَصَرِي، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ

اے اللہ! میرے جسم کو عافیت عطا فرما، اے اللہ! میرے کانوں کو عافیت عطا فرما، اے اللہ! میری آنکھوں کو عافیت عطا فرما، تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

(سنن ابی داؤد: 5090)



رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنفُسَنَا وَإِن لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ

اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا، اور اگر تو ہمیں معاف نہ کرے اور ہم پر رحم نہ فرمائے تو ہم ضرور خسارہ اٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔

(سورۃ الأعراف: 23)



Institute
الهداية
Al-Hidayah

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ مُنْكَرَاتِ الْأَخْلَاقِ
وَالْأَعْمَالِ وَالْأَهْوَاءِ

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا / مانگتی ہوں برے اخلاق، برے اعمال
اور بری خواہشات سے۔

(سنن ترمذی: 3591)



Institute
الهداية
Al-Hidayah

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيْرًا

اے میرے رب! ان (میرے والدین) پر رحم فرما، جس طرح
انہوں نے مجھے بچپن میں محبت اور شفقت کے ساتھ پالا۔


(سورۃ الإسراء: 24)



رَبِّ إِنِّيْ لِمَآ أَنزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ

اے میرے رب! جو بھلائی بھی تو میری طرف نازل کرے، میں اس کا محتاج ہوں۔

(سورۃ القصص: 24)



Institute
الهداية
Al-Hidayah

اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ ضِيقِ الدُّنْيَا وَضِيقِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ مانگتا / مانگتی ہوں دنیا کی تنگی سے
اور قیامت کے دن کی تنگی سے۔

(سنن ابی داؤد: 5087)

